Foreldreutvalget
for barnehager

بارنے ہاگے میں

گھر اور بارنے ہاگے ایک ساتھ کیسے کام کر سکتے ہیں؟

بارنے ہاگے میں موبنگ

بارنے ہاگے میں موبنگ کئی مختلف طریقوں سے ہوتی ہے جیسے کسی بچے کو تنگ کیا جاتا ہے یا کھیل میں شامل نہیں ہونے دیا جاتا اور یہ کبھی بڑوں کی موجودگی میں، تو کبھی غیرموجودگی میں کیا جاتا ہے۔ جب بچوں کے ساتھ موبنگ ہو تو وہ اچھی رفاقت، کھیل اور سیکھنے سے محروم ہو جاتے ہیں۔

تحقیقی رپورٹ Hele barnet, hele løpet; Mobbing i barne-hagen (مکمّل بچہ؛ تمام عرصہ؛ بارنے ہاگے میں موبنگ، از Lund اور دیگر محققین، 2015) سے پتہ چلتا ہے کہ بچے، عملہ اور والدین، سبھی کے خیال میں بارنے ہاگے میں موبنگ ہوتی ہے۔

تحقیقی رپورٹ میں موبنگ کی تعریف یوں کی گئی ہے:

"بارنے ہاگے میں بچوں کے ساتھ موبنگ سے مراد بڑوں اور/یا بچوں کی ایسی حرکتیں ہیں جن سے بچوں کے احساس وابستگی اور اپنے سماجی ماحول میں ایک اہم انسان ہونے کا احساس مجروح ہوتا ہے۔"

رپورٹ تصدیق کرتی ہے کہ بارنے ہاگے میں بچوں کے لیے کھیل اور دوستی سب سے اہم ہے اور بچوں کے انٹرویوز میں سامنے آیا ہے کہ بچوں کے لیے دوستی اور کھیل میں شامل کیے جانے کا احساس بارنے ہاگے میں ان کی خوشی و اطمینان کے لیے فیصلہ کن اہمیت رکھتا ہے۔ اس لیے بچوں کے کھیل میں بڑوں کی موجودگی اور کردار عین لازمی ہے۔

بارنے ہاگے ایسے حالات کی روک تھام کرے گا کہ بچوں کا بارنے ہاگے کا ماحول محفوظ اور اچھا نہ ہو اور اس مقصد کے لیے بچوں کی صحت، خوشی و اطمینان، کھیل اور سیکھنے کے فروغ کے لیے مسلسل کام کرے گا۔

بارنے ہاگے ایسے حالات کی روک تھام کرے گا کہ بچوں کا بارنے ہاگے کا ماحول محفوظ اور اچھا نہ ہو اور اس مقصد کے لیے بچوں کی صحت، خوشی و اطمینان، کھیل اور سیکھنے کے فروغ کے لیے مسلسل کام کرے گا۔

جب کسی بچے کے لیے بارنے ہاگے کا ماحول محفوظ اور اچھا نہ ہو تو بارنے ہاگے کا عملہ جلد اور درست قدم اٹھائے گا

بارنے ہاگے میں کام کرنے والے سب لوگ نظر رکھیں گے اور اگر انہیں بارنے ہاگے میں کسی بچے کا ماحول محفوظ اور اچھا نہ ہونے کا شبہ یا علم ہو تو وہ بارنے ہاگے کے سربراہ کو اطلاع دیں گے

بارنے ہاگے کی ذمہ داری ہے کہ مناسب اقدامات والا ایک تحریری پلان بنائے

FUB موبنگ
...کے خلاف پارٹنرشپ کا ایک حصہ ہے

جو قائدین، بارنے ہاگے ملازمین اور والدین کو ...
مضبوط کرنے، اور قابلیت اور علم کو پھیلانے میں مدد دے گا۔

چھوٹے بچوں کے درمیان موبنگ کیسی ہوتی ہے؟

قومی اور بین الاقوامی تحقیق سے حاصل ہونے والے اعدادوشمار مختلف ہیں لیکن
بالعموم نتائج سے یہ سامنے آیا ہے کہ بارنے ہاگے میں 6 سے 12 فیصد بچوں کو موبنگ کا سامنا ہوتا ہے (Helgeland اور Lund، 2016؛ Kirves&Sajaniemi 2012؛ Perren 2000)
موبنگ کی پہچان ان حرکتوں سے ہو سکتی ہے:

- کھیل اور سرگرمیوں میں شامل نہ ہونے دینا
- چھیڑنا، مذاق اڑانا، دل دکھانے والے نام رکھنا یا دل دکھانے والی باتیں کہنا
- ایک بچے کی چیزیں خراب کی جائیں اور چھپا دی جائیں
- مارنا، دھکے دینا اور بال کھینچنا

بارنے ہاگے اور والدین کیا کر سکتے ہیں؟

موبنگ کی روک تھام کا اچھا کام والدین کی شمولیت سے ہوتا ہے۔ بارنے ہاگے اور والدین مل کر اس میں کردار ادا کر سکتے ہیں کہ کسی بچے کو باقی بچوں کی طرف سے الگ چھوڑ دیے جانے کا تجربہ نہ ہو۔
والدین اور عملے کے درمیان مکالمہ بڑھانا چاہتی ہے کیونکہ بارنے ہاگے میں موبنگ کی FUB روک تھام اس مکالمے پر منحصر ہے۔

موبنگ سے واسطے میں والدین اور عملے کے افراد، دونوں کو اس وجہ سے الجھن محسوس ہو سکتی ہے کہ ان کی بات سنی اور سمجھی نہیں جا رہی۔ سب فریقوں کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ دوسروں کے نقطۂ نظر سے صورتحال کو دیکھ سکیں۔
موبنگ کے مسائل پر کام کرتے ہوئے اچھے مکالمے کے لیے ضروری ہے کہ سب لوگ اپنی پوری توجہ موبنگ پر رکھیں۔
اچھا مکالمہ وہ ہوتا ہے جس میں سب لوگوں کا مؤقف سامنے آئے اور یہ ممکن بنانے کے لیے ضروری ہے کہ سب لوگ دوسروں کے نقطۂ نظر اور طریقۂ اظہار کے سلسلے میں فراخدلی

سے کام لیں۔ فراخدلی کا مطلب یہ ہے کہ ہم ایک دوسرے کے لیے اچھی تمنائیں رکھتے ہوں۔

اکثر موبنگ بڑوں کی نظروں سے دور ہوتی ہے اور اس کا پتہ چلانا مشکل ہو سکتا ہے۔ اس لیے یہ لازمی ہے کہ بڑے بالکل قریب رہ کر بچوں کے اکٹھے وقت گزارنے اور کھیل کا مشاہدہ کریں تاکہ انہیں علم رہے کہ کیا ہو رہا ہے۔ بڑوں کو "موبنگ دیکھنے والی عینک" لگانی چاہیے اور دل شکنی اور کسی بچے کو الگ چھوڑ دینے کے واقعات پر ذمہ داری لینی چاہیے۔ جب موبنگ کا پتہ چلے تو بڑوں کا رویّہ واضح ہونا چاہیے، انہیں نرمی سے بتانا چاہیے کہ موبنگ کو قبول نہیں کیا جاتا اور اقدامات کرنے چاہیئں۔ جس بچے کو موبنگ کا نشانہ بنایا گیا ہو، اس کے لیے یہ اہم ہے کہ اسی وقت اور اسی جگہ اسکی حمایت کی جائے۔

بڑے بھی اپنے الفاظ اور طور طریقوں سے بچوں کی دل شکنی کر سکتے ہیں۔ بچوں پر ایسے لیبل لگا کر کہ وہ "بدمزاج" ہیں یا کچھ بچوں کو زیادہ اہمیت دے کر عملہ اور والدین بچوں کو بدنام کرنے اور ان کے ساتھ امتیازی سلوک میں شریک ہو سکتے ہیں۔ بارنے ہاگے کے عملے کو بچوں کے سلسلے میں ایک مشترکہ معیّن نظریہ رکھنا چاہیے تاکہ بچوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے احترام اور اچھی نگہداشت جیسی بنیادی اقدار نمایاں رہیں۔ بچوں کے آس پاس رہنے والے بڑوں کو بطور نمونہ اپنے کردار کا بھی شعوری اور گہرا احساس ہونا چاہیے اور بچوں، اپنے رفقائے کار اور والدین کے ساتھ واسطے میں ان کا ایک معیّن انداز ہونا چاہیے۔
بچے خود بھی بچوں کے گروپ میں ایک اچھا ماحول بنانے میں شریک ہو سکتے ہیں۔ جب بچے ایک اچھا ماحول بنانے کے
کام میں شریک ہوں تو وہ بڑوں کے ساتھ مل کر یہ بات کر سکتے ہیں کہ بارنے ہاگے میں سب لوگوں

کو ایک دوسرے کے ساتھ
کس طرح پیش آنا چاہیے۔ بچوں کا شریک ہونا بارنے ہاگے کے قانون سیکشن 3 میں
:مذکور ہے۔ بچوں کا شرکت کار کا حق
بچے کی عمر اور شعوری پختگی کے لحاظ سے اس کے خیالات کو بھی اہمیت دی جائے“
”گی۔

:یہ ضروری ہے کہ بڑے

- بچوں کے ساتھ رہیں تاکہ موبنگ کا پتہ چل سکے
- اتنا قریب رہیں کہ وہ دیکھ اور سن سکتے ہیں
- مستعد، جذبات کا اظہار کرنے والے اور دلچسپی لینے والے بنیں
- پروا کریں

بارنے ہاگے میں بچوں کے درمیان احترام اور برداشت کو فروغ دینے کے لیے باقاعدہ نظام کے تحت کام ہونا چاہیے۔ بارنے ہاگے میں رجحانات کو فروغ دینے والا کام بہت حد تک بچوں کے درمیان موبنگ اور دل شکنی کی روک تھام کر سکتا ہے، بارنے ہاگے کے دور میں بھی اور آئندہ زندگی میں بھی۔ بچوں کے درمیان دوستی بھی موبنگ کی روک تھام کی ایک اہم بنیاد ہے۔ والدین اور عملے کا یہ بہت اہم فرض ہے کہ وہ بچوں کے درمیان دوستی کے لیے موزوں حالات فراہم کریں اور دوستی کو بڑھائیں۔

گھر اور بارنے ہاگے کا باہمی تعاون

بارنے ہاگے میں موبنگ کی روک تھام، دریافت اور خاتمے کے کام میں والدین کا شامل ہونا بہت اہم ہے۔ اگر والدین کو بچوں کے درمیان موبنگ کا پتہ چلے تو والدین کو اس کی اطلاع بھی ضرور دینی چاہیے۔یہ بہت اہم ہے کہ والدین اور عملہ آپس میں بات کریں اور موبنگ اور دل شکنی کے خاتمے کے لیے مل کر کام کریں اور اس سلسلے میں ایک پلان بنایا جائے کہ روک تھام، دریافت اور خاتمہ کیسے ہو سکتا ہے۔

اپنے بچے کی خوشی و اطمینان اور بہبود کا خیال رکھنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی بہت اہم ہے کہ والدین دوسرے بچوں کی پروا کریں اور انہیں اپنی زندگی میں شامل کریں۔ یہ کام بارنے ہاگے میں دوسرے بچوں کو ہیلو کہنے، دوسرے لوگوں سے باتیں کرنے اور ان کے بچوں کو اپنے گھر آنے کی دعوت دینے کے ذریعے ہو سکتا ہے۔ والدین بارنے ہاگے میں اچھی فضا کو فروغ دینے میں بھی اس طرح مدد کر سکتے ہیں کہ بارنے ہاگے، عملے اور دوسرے بچوں اور ان کے گھرانوں کے بارے میں اچھے طریقے سے بات کریں۔

Foreldreutvalget
for barnehager

بارنے ہاگے میں

Foreldreutvalget for barnehager
© 2021
foreldreutvalgene.no
post@fubhg.no
Tlf: 477 99 200